02/06/2025

12.30 PM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ بصارت غل سے خبریں سُنئے

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے تلنگانہ
فاو

نڈیشن ڈے کے موقعہ پر تلنگانہ کے لوگوں کو مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے مبارکبادی کے پیغام ۂ
میں منوج سنہا نے تلنگانہ کے عوام کے لئے امن و سلامتی اور ترقی کی دعا کی ہے۔

جتیندر سنگھ

مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے بھدرواہ میں لیونڈر فیسٹول کے کامیاب انعقاد کی خاطر کے ڈائر یکٹر ڈاکٹر زبیر احمد اور ان کے ٹیم کو مبارکبا پیش کی ہے۔ ایک سوشل CSIR-IIIM میڈیا پوسٹ میں ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا کہ یہ پہلا موقعہ ہے جب بھدرواہ جیسے دور دراز علاقے میں اس پیمانے پر فیسٹول کا انعقاد عمل میں لایا گیا جس میں ملک بھر کے سٹارٹ اپس نے شرکت کی۔ انہوں نے کہا کہ بھدرواہ کولیو نڈر نے پورے ملک میں ایک نمایاں مقام عطا کیا ہے ۔

کرشی سنکلپ ابھیان

ملک میں12جون تک جاری رہنے والی 15روزہ وکست کرشی سنکلپ ابھیان ان دنوں شد و مد سے جاری ہے ۔ اس مہم کے دوران کسانوں میں کاشت کاری کے جدید طور طریقوناور اعلیٰ پید ا وار دینے والے بیجوں کے فوائد سے متعلق بیداری پیدا کی جا رہی ہے ۔ کل اننت ناگ، گاندربل اور شوپیان اضلاع میں اس ابھیان کے حوالے سے کسانوں میں بیداری پیدا کرنے کے لئے پروگراموں کا انعقاد کیا گیا ۔

وکست کرشی سنکلپ ابھیان کے بارے میں پیش ہے کچھ کسانوں کے تاثرات ۔

کھیر بھوانی

تل مولہ گاندربل میں کل منائے جا رہے میلہ کھیر بھوانی کے لئے یاتریوں کا پہلا جتھہ وادی کی جموں بھیم سین توتی نے انتظامیہ کے کئی اعلیٰ افسران کی موجودگی IGP طرف رواں دواں ہے۔ میں یاتریوں کے پہلے جتھے کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا ۔ ہندو مسلم بھائی چارے کی علامت تصور کئے جانے والے اس میلہ کے احسن انعقاد کیلئے پولیس وسول انتظامیہ نے تمام تر ضروری انتظامات کئے ہیں۔ چیف سیکرٹری اٹل ڈلو نے کل تولہ مولہ کا دورہ کر کے کھیر بھوانی مندر میں حاضری دینے کے علاوہ شردھا
لوو

ں کیلئے کئے جا رہے انتظامات کا جائزہ لیا۔ اس سے قبل پولیس سربراہ نلن پر بھارت نے بھی ۂ تل مولہ کا دورہ کر کے سیکورٹی انتظامات کا جائزہ لیا تھا ۔ اس بیچ ڈپٹی کمشنر گاندربل جتن کشور نے کھیر بھوانی استھا پن پر پہنچے شردھا
لوو

ں کا گرمجوشی سے استقبال کیا۔ کئی کشمیری پنڈت شردھا لوں نے اس میلے کے حوالے سے ۂ اپنے تاثرات کا اظہار ان الفاظ میں کیا۔

جاوید احمد ڈار

زراعت، دیہی ترقی اور پنچایتی راج کے وزیر جاوید احمد ڈار نے بارہمولہ کے رفیع آباد علاقے کے ژالہ باری سے متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا۔ انہوں نے فصلوں کوہوئے نقصانات کا جائزہ لینے کے ساتھ ساتھ متاثرہ کسانوں سے ملاقات کی ۔وزیر نے متعلقہ محکموں کو ہدایت دی کہ نقصان کا فوری جائزہ لیا جائے اور بروقت امدادی اقدامات شروع کئے جائیں۔ اُنہوں نے اس بات کا اعادہ بھی کیا کہ کسانوں کی فلاح و بہبود حکومت کی اوّلین ترجیح ہے۔

مقابلہ

سرکار نے نوجوانوں کو دو زبانوں میں مضمون تحریر کرنے کے مقابلے میں حصہ لینے کیلئے مدعو کیا ہے، جس کا عنوان ہے، ”آپریشن سندور، دہشت گردی کے خلاف بھارت کی پالیسی کی نئی تشریح“۔ اِس مقابلے میں پہلی تین پوزیشن حاصل کرنے والے نوجوانوں کو دس -دس ہزار روپے کا نقد انعام دیا جائے گا اور انہیں لال قلعہ پر 78 ویں یومِ آزادی کی تقریبات میں شرکت کرنے کا خصوصی موقع بھی ملے گا۔ مضمون تحریر کرنے کے اِس مقابلے کا اہتمام دفاع کی

کے اشتراک سے کیا گیا ہے۔ اِس میں شامل ہونے کے خواہشمند My Gov India وزارت اور کی ویب سائٹ پر جاسکتے ہیں۔ یہ مقابلہ اِس مہینے کی 30 تاریخ تک جاری رہے My Gov طلباء گا۔

تمغہ

کھیلو انڈیا تائیکوانڈو سنٹر سرینگر سے تعلق رکھنے والی باصلاحیت ایتھلیٹ لُبنا ناصر نے 29 مئی سے یکم جون تک دہرادون میں منعقدہ چوتھے کیڈٹ اینڈ جونیئر نیشنل چمپینشپ 2025 میں تائیکوانڈو میں جموں کشمیر کے لئے پہلا سونے کا تمغہ حاصل کیا۔

IPL

کرکٹ میں، کل ہونے والے فائنل میں پنجاب گنگس کا مقابلہ رائل چیلنجرس بنگلورو سے IPL ہوگا۔اس سے پہلے کل احمد آباد میں کھیلے گئے دوسرے کوالیفائر میں پنجاب کنگس نے ممبئی انڈینس کو 5 وکٹ سے ہرا دیا۔ اس سنسنی خیز مقابلے میں 204 رن کے لئے کھیلتے ہوئے کپتان شر یس ایّر نے 87 رن اور نہال وڈھیرا نے 48 رن بنائے اور ایک اوور باقی رہتے ہوئے نشانہ حاصل کر لیا اور اس طرح فائنل میں اپنی جگہ بنا لی۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ